ADMISSION TEST PAPER 2024-25
SUBJECT: URDU
CLASS: 7

Name:	Duration: 30 min
Date:	Marks Obtained: /25

سوال نمبر ا۔عبارت پڑھ کر سوالات کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ (/۱۰)

بچے کچھ عرصہ پہلے تک اکثر ایک کھیل کھیلتے تھے لمبے سے دھاگے لے کر اس کے دونوں سروں پر ماچس کی ایک ایک ڈبیا باندھی جاتی تھی۔اس کے بعد وہ فون کی طرح ایک دوسرے سے بات کرتے تھے۔ٹیلی فون اسی اصول پر اس سے بہت سال پہلے بنایا گیا تھا۔اس ٹیلی فون میں دھات کے تار کا استعمال کیا گیا آپ جگہ جگہ کھمبوں پر کھینچے ہوئے تار دیکھتے ہیں انہیں تاروں کے ذریعے آواز ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچتی ہے۔

موبائل فون پرانے ٹیلی فون کی نئی شکل ہے۔اسے پہلی بار 1980 میں امریکہ میں استعمال کیا گیا۔اب تو اس میں کسی تار کی ضرورت ہی نہیں رہ گئی۔آواز ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانے کا کام بجلی اور مقناطیس سے پیدا ہونے والی لہروں سے لیا جانے لگا۔اِس ٹیلی فون کو آپ جہاں چاہیں لے جائیں۔اسی لیے اسے موبائل فون کہا جاتا ہے۔موبائل فون سے بات کرنے کے علاوہ اور بھی بہت سے کام لیے جاتے ہیں۔اس سے پیغامات بھی بھیجے جاتے ہیں،اُسے ایس ایم ایس کہتے ہیں۔اب تو اس قدر ترقی ہو چکی ہے کہ موبائل فون کمپیوٹر اور لیپ ٹاپ سے کسی طرح کم نہیں ہے۔حساب کتاب سے لے کر کاروبار کے تمام معاملات موبائل فون کے ذریعے آرام سے کیے جاتے ہیں۔سفر پر جانے کے لیے اپنے ٹکٹ کی بکنگ بھی آپ اس کے ذریعے کروا سکتے ہیں کیونکہ اِس میں انٹرنیٹ کی سہولت بھی موجود ہے۔اس سے وقت اور پیسوں کی بچت بھی ہو جاتی ہے۔

اِن تمام فوائد کے علاوہ موبائل فون کے غیر ضروری استعمال کے نقصانات بھی ہیں۔اِس کی مقناطیسی لہریں ہمارے لیے بہت نقصان دہ ہیں۔گاڑی چلاتے ہوئے بھی لوگ اس کا استعمال کرتے ہیں جو بہت غلط ہے۔بات کرتے ہوئے فون کو کان سے ذرا الگ ہی رکھنا چاہیے اور دائیں کان سے استعمال کرنا چاہیے۔ڈاکٹروں کا خیال ہے کہ بائیں طرف سینے کے پاس رکھنے سے دل کی بیماری بھی ہو سکتی ہے۔

SAMPLE PAPER

ا۔ ٹیلی فون میں آواز ایک جگہ سے دوسری جگہ کس طرح پہنچتی ہے؟ (۲/)

___

___

___

۲۔ موبائل فون سے کیا کیا کام لیئے جاسکتے ہیں؟ (۲/)

___

___

___

۳۔ موبائل فون کے کوئی دو نقصانات تحریر کیجئے؟ (۲/)

___

___

___

۴۔ آپ کے خیال میں موبائل فون کے نقصانات سے کیسے بچا جاسکتا ہے؟ (۲/)

___

___

___

۵۔ آپ موبائل فون کو کن مقاصد کے لیئے استعمال کرتے ہیں؟ (۲/)

___

___

___

SAMPLE PAPER

سوال نمبر ۲۔ قوسین میں دی گئی ہدایت کے مطابق مناسب تبدیلی کے بعد جملے دوبارہ تحریر کیجیے۔ (۵/)

۱۔احمد صاحب کا نیا ملازم اکثر دیر سے کام پر آتا ہے۔۔(متضاد بنائیے)

____

۲۔ باپ اور بیٹا بازار سے واپس آئے تو گھر کا نوکر غائب تھا۔(مونث میں تبدیلی)

____

۳۔اس ظالم کو اپنے گناہ کی سزا ملی۔(خط کشید کی جمع میں تبدیلی)

____

۴۔اساتذہ کی غیر حاضری میں بچّے بہت شور مچاتے ہیں۔(واحد میں تبدیلی)

____

۵۔اکرم نے پورے واقعے کی حقیقت سب کو بتادی۔(خط کشید کا مترادف)

____

SAMPLE PAPER

سوال نمبر ۳۔ مندرجہ ذیل عنوان پر ۱۵۰ سے ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کیجیے۔ (۱۰/)

”اپنے بچپن کا کوئی دلچسپ یا ناقابل فراموش واقعہ تحریر کیجیے جو آپ آج تک بھلا نہ پائے۔“

حاصل کردہ نمبر		
	۵	مواد۔صورت حال میں رہتے ہوئے لکھنا
	۱.۵	املا
	۱.۵	قواعد
	۱	خوشخطی
	۱	خاکہ /رموز واوقاف
	۱۰	کل نمبر

SAMPLE PAPER